# آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ

## بلاک نمبر 6 (گراؤنڈ فلور) سول سیکرٹریٹ چھتر، مظفرآباد

<><><>

### حکم

الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر نے پاکستان میں مقیم مہاجرین جموں وکشمیر کی انتخابی فہرستوں کی تیاری کے سلسلہ میں ایسے افراد جو پشتنی باشندہ سٹیفکیٹ نہیں رکھتے کا انتخابی فہرستوں میں بطور ووٹر اندراج کے لیئے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں پر مشتمل "ووٹرز تصدیقی کمیٹی" کے لیئے بذیل TORs مقرر کیئے جانے کی منظوری صادر فرمائی ہے =۔

**TORs**

ووٹر تصدیقی کمیٹی کے نمائندہ کے لیئے ضروری ہوگا کہ =۔

1 وہ باشندہ ریاست سٹیفکیٹ کا حامل ہو۔

2 وہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کا حامل ہو۔

3 وہ مہاجرین جموں وکشمیر مقیم پاکستان کی متعلقہ کیٹیگری کے متعلقہ انتخابی حلقہ کا ووٹر ہو اور اس کا نام اس حلقہ کی انتخابی فہرست 2016 میں بطور ووٹر درج ہو۔

4 وہ صاحب رائے ہو اور مہاجرین جموں وکشمیر مقیم پاکستان کی متعلقہ کیٹیگری کے اشخاص سے بخوبی واقف ہو۔

5 ووٹرز تصدیقی کمیٹی کا ہر رکن متذکرہ بالا دستاویزات بطور ثبوت اپنے متعلقہ ضلع کے رجسٹریشن آفیسر کو پیش کریں گے۔ رجسٹریشن افسر اصل دستاویز خود ملاحظہ کر کے مصدقہ نقل ریکارڈ میں رکھیں گے۔

6 ووٹر تصدیقی کمیٹی کا اجلاس متعلقہ ضلع کے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (رجسٹریشن آفیسر) کے دفتر میں ہوگا۔

7 ووٹر تصدیقی کمیٹی کا فیصلہ اتفاق رائے سے ہوگا اگر اتفاق رائے ممکن نہ ہو تو فیصلہ کثرت رائے سے ہوگا۔

8 ووٹر تصدیقی کمیٹی میں شامل ہر جماعت کا ایک ایک نمائندہ اپنی متعلقہ کیٹیگری کے فیصلہ میں ایک ہی ووٹ/رائے دے گا۔

(ایاز بشیر)

سیکرٹری الیکشن کمیشن

نمبرالیکشن/اس/ 5163-5330/2020 مورخہ 24 دسمبر 2020

نقل بالا بخدمت =۔

2۔ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں وکشمیر

3۔ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب ممبر الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر

5۔ جملہ ریجنل الیکشن کمشنر صاحب (ریوائزنگ اتھارٹیز برائے مہاجرین جموں وکشمیر) سندھ/بلوچستان/پنجاب/خیبر پختونخواہ

6۔ جملہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر صاحبان (رجسٹریشن افسران برائے مہاجرین جموں وکشمیر) سندھ/بلوچستان/پنجاب/خیبر پختونخواہ

7۔ صدر صاحب پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر۔

8 صدر صاحب پیپلز پارٹی آزاد جموں وکشمیر

9۔ امیر صاحب جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر۔

10 صدر صاحب پاکستان تحریک انصاف آزاد جموں وکشمیر۔

11 صدر صاحب آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس۔

12۔ صدر صاحب جموں وکشمیر لبریشن لیگ۔

13 صدر صاحب ایم کیو ایم (پاکستان) آزاد کشمیر۔

14۔ ڈپٹی الیکشن کمشنر صاحب (برائے مہاجرین جموں وکشمیر) راولپنڈی۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن